No. of Printed Pages : 8

# BUDAE-182

## B. A. Hons. (Urdu)

## (BAUDH)

### Term-End Examination

### December, 2025

### BUDAE-182 : Study of Urdu Progressive Poetry

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔سبھی سوالوں کے جواب لکھنا لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر سامنے درج ہیں۔

---

۱۔ ترقی پسند تحریک اور اس کے پس منظر پر ایک تفصیلی مضمون لکھیے۔ ۲۰





یا

ترقی پسند تحریک سے وابستہ اہم غزل گو شعرا کی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

۲۔ جوشؔ ملیح آبادی کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے ان کی نظم ''حالات حاضرہ'' کا خلاصہ لکھیے۔ ۲۰

یا

علی سردار جعفری کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

۳۔ فیض احمد فیضؔ کی نظم ''صبح آزادی'' کا خلاصہ قلم بند کیجئے۔ ۱۵

یا

مجروح سلطان پوری کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کی امتیازی خصوصیات بیان کیجئے۔

۴۔ ترقی پسند تحریک سے قبل اردو شاعری میں ترقی پسند عناصر کی وضاحت بیان کیجیے۔ ۱۵

یا

اردو شاعری کے پس منظر میں ترقی پسند تحریک کے عروج و زوال کے اسباب بیان کیجیے۔





۵۔ مجازؔ کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے ان کی شاعری کے فکری و فنی صفات بیان کیجیے۔ ۱۰

یا

فراقؔ کی نظم ''شاہنامہ آدم'' کا خلاصہ بیان کیجیے۔

۶۔ درج ذیل اشعار کی تشریح حوالہ کے ساتھ کیجئے۔ ۱۰

ہر چیز پر سکوت ہے، ہر شے پہ یاس ہے
غم حکمراں ہے دہر میں، دنیا اداس ہے



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

جلوے ہیں شام غم میں نہاں صبح عید کے
دھندلے ہیں خط و خال عروس امید کے
کشتی رواں ہے زیست کی دریائے زہر میں
بجلی تڑپ رہی ہے مسرت کی لہر میں
عالم ہے شاخِ گل میں عجب پیچ تاب کا
کانٹے ہیں، اور پھول نہیں ہے گلاب کا
''لذت'' اڑی ہے خواب سے، وسعت خیال سے
''آب'' آئینہ سے ''قوتِ برقی'' جمال سے

یا

تاریخ کے اور مشینوں کے پہیوں کی روانی ان سے ہے
تہذیب کی تمدن کی بھر پور جوانی ان سے ہے





دنیا کا فسانہ ان سے ہے، انساں کی کہانی ان سے ہے
ان ہاتھوں کی تعظیم کرو
صدیوں سے گزر کر آئے ہیں، یہ نیک اور بد کو جانتے ہیں
یہ دوست ہیں سارے عالم کے، ہر دشمن کو پہچانتے ہیں
ان ہاتھوں کی تعظیم کرو

۷۔ درج ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق و سباق کیجیے۔ ۱۰

نہیں نگاہ میں منزل تو جستجو ہی سہی
نہیں وصال میسر تو آرزو ہی سہی



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

نہ تن میں خون فراہم نہ اشک آنکھوں میں

نماز شوق تو واجب ہے بے وضو ہی سہی

کسی طرح تو جمے بزم مے کدے والوں

نہیں جو بادہ و ساغر تو ہاؤ ہو ہی سہی

یا

آج بھی قافلۂ عشق رواں ہے کہ جو تھا

وہی میل اور وہی سنگِ نشاں ہے کہ جو تھا

ظلمت و نور میں کچھ بھی نہ محبت کو ملا

آج تک ایک دھندلکے کا سماں ہے کہ جو تھا





جو بھی کر جور و ستم جو بھی کر احسان و کرم

تجھ پہ اے دوست ! وہی وہم و گماں ہے کہ جو تھا

جان دے بیٹھے تھے اک بار ہوس والے بھی

پھر وہی مرحلہ سود وزیاں ہے کہ جو تھا

××××××××



Downloaded from www.IGNOUBABA.com